## سوال

(77) قبروں کے درمیان جنازہ پڑھنے کا کیا حکم ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج ایک جنازے میں شریک ہوئے ۔ جہاں قبرستان میں دفن سے قبل جنازہ رکھ کر نمازِ جنازہ ادا کی گئی اور صفیں قبروں کو درمیان میں لے کر بنائی گئیں ۔ کیا یہ عمل جائز ہے ؟ (عبدالکبیر گزدر عفی عنہ) (۱۹ ستمبر ۱۹۹۷ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبروں کے درمیان نمازِ جنازہ پڑھنی منع ہے ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے :

'أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ : نَهٰی أَن یُصَلّٰی عَلَی الْجَنَائِزِ بَیْنَ الْقُبُورِ ۔' (رواہ الطبرانی فی الاوسط، برقم : ۵۶۳۱ واسنادہ حسن ۔ مجمع الزوائد : ۳/۳۶، بَابُ الصَّلَاةِ عَلَی الْجِنَازَةِ بَیْنَ الْقُبُورِ، رقم : ۴۱۸۷)

''نبی ﷺ نے قبروں کے درمیان جنازہ پڑھنے سے منع فرمایا ہے ۔''

دوسری روایت میں ہے : قبرستان اور حمام کے علاوہ تمام زمین مسجد ہے ۔''

اور تیسری روایت میں ہے :

'اجْعَلُوا فِی بُیُوتِکُمْ مِنْ صَلَاتِکُمْ وَلَا تَتَّخِذُوهَا قُبُورًا ۔' (صحیح البخاری، بَابُ کَرَاهِیَةِ الصَّلَاةِ فِی المَقَابِرِ، رقم : ۴۳۲)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:134

محدث فتویٰ